03-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کو جنوبی ایشیاء کے ٹکسٹائل کیپٹل میں تبدیل کیا جائیگا۔

۲۔ریاستی وزیر کونڈا سریکھا نے کہا کہ کانگریس حکومت اقتدار میں آنے کے بعد عوام کو پینے کے پانی اور آبپاشی کے پانی کو فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔

۳۔ریاستی وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے الزام لگایا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں کالیشورم پروجیکٹ اور مشن بھاگیرتا کی اسکیم میں بڑے پیمانہ پر بدعنوانیاں ہوئی ہیں۔

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آنے والے 24 گھنٹوں میں تلنگانہ ریاست میں ہلکی تا اوسط بارش ہوگی۔

Asian Textile Conference

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کنفیڈریشن آف انڈین ٹکسٹائل کی جانب سے منعقد کئے گئے 13 ویں ایشین ٹکسٹائل کانفرنس کا افتتاح کیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ کو جنوبی ایشیاء کے ٹکسٹائل کیپٹل میں تبدیل کیا جائے گا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ٹکسٹائل انڈسٹری کیلئے بنیادی سہولتیں ، زمین ، برقی ، پانی اور دیگر مراعات فراہم کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صنعتوں کو ضروری ہونے والے انسانی وسائل بھی تلنگانہ میں دستیاب ہیں۔ٹکسٹائل کا شعبہ صرف ایک صنعت تک محدود نہیں ہے یہ ہماری بافندوں کیلئے زندگی کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ملک بھر میں کپاس کی پیداوار میں تلنگانہ ریاست کو ایک اہم مقام حاصل ہے۔

Sound Bye CM

Sridhar Babu

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے بات کرتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی سطح کے نظام میں باقندے ایک مزدور کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک مالک کے طور پر ترقی کرنا ہی حکومت کا مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ چرخے کو ٹکنالوجی سے مربوط کرتے ہوئے میڈ اِن تلنگانہ برانڈ کو مزید مضبوط بنانے کیلئے نیوسودیشی ویژن کا آغاز کیا جارہا ہے۔ اس پروگرام میں ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ اور انڈین ٹکسٹائل کانفیڈریشن کے چیرمین اشوین چند اور محکمہ ٹکسٹائل کی پرنسپل سکریٹری شیلجا رامیار اور دیگر نے شرکت کی۔

Kumariya

تلنگانہ مسلح جدوجہد کے پہلے شہید دوڈی کمریا کی یوم پیدائش آج منائی جارہی ہے۔ دوڈی کمریا کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے خراجِ عقیدت پیش کیا جبکہ ریاست بھر کے مختلف اضلاع میں بھی دوڈی کمریا کو خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ مساوات اور انصاف کیلئے جدوجہد کرنے والے دوڈی کمریا کے بتائے ہوئے راستہ پر چلتے ہوئے پسماندہ طبقات کی ترقی اور ان کے حقوق کیلئے کوشش کرنے پر زور دیا جبکہ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ دوڈی کمریا نے رضا کاروں کے خلاف جدوجہد کی تھی اور عوامی جدوجہد میں ایک نیا جوش پیدا کیا تھا جبکہ ریاستی وزرأ دامودھر راج نرسمہا، پونم پربھاکر اور گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس نے بھی دوڈی کمریا کو خراجِ عقیدت پیش کیا جبکہ پداپلی ضلع کے بی سی ویلفیر آفیسر رنگا ریڈی نے کہا کہ عظیم شخصیتوں کو صرف ایک مذہب یا ایک طبقہ تک محدود نہیں کیا جاسکتا بلکہ ان کہ خوابوں کو نئی نسل کو ایک آئیڈئیل کے طور پر لیتے ہوئے آگے بڑھنے پر زور دیا اور نظام آباد ایڈیشنل کلکٹر کرن کمار نے کہا کہ مسلح جدوجہد کی تاریخ میں دوڈی کمریا کو ہمیشہ کیلئے یاد رکھا جائے گا۔

Governor

حیدرآباد کے لوک بھون میں گورنر شیو پرتاپ شکلاء سے محبوب نگر کی رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے خیر سگالی طور پر ملاقات کی۔ محبوب نگر پارلیمنٹ کے حدود میں اپریل کی 9 تاریخ سے 24 تاریخ تک کھیل سن سدھ کھیلوں کے مقابلے منعقد کئے جارہے ہیں۔ اس مہینہ کی 24 تاریخ کو منعقد ہونے والے اختتامی پروگرام میں گورنر کو شرکت کرنے کی انہوں نے دعوت دی اور کھیلوں کے طریقہ کار سے گورنر کو واقف کروایا۔

Jeevan Reddy

سابق وزیر ٹی جیون ریڈی نے الزام لگایا کہ میڈی گڈہ بیاریج کی تعمیر اور اس کے انتظام میں پائے جانے والی خامیوں کی وجہ سے پلرس کو نقصان پہنچا ہے اور دو سال کا عرصہ ہونے کے باوجود بھی حکومت اس پر کارروائی نہیں کررہی ہے۔ کالیشورم پروجیکٹ کی بحالی پر حکومت کی جانب سے اختیار کی جانے والی پالیسی کی بھی انہوں نے مذمت کی۔ جگتیال میں منعقد کئے گئے ایک پروگرام میں انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ میڈی گڈہ، انارم، سوندلا، بیاریج کے مرمت کے کاموں کو مکمل کرتے ہوئے اس کو استعمال میں لانے پر زور دیا۔ نیشنل ڈیم سیفٹی اتھاریٹی کی رپورٹ آنے کے بعد بھی بحالی کے کاموں کو انجام نہ دینا قابل افسوس ہے۔

Sound Byte - Jeevan Reddy

Konda Surekha

ریاستی وزیر کونڈا سریکھا نے آج ورنگل میں مختلف ترقیاتی کاموں کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے امرت 2.0 اسکیم کے تحت عوامی صحت کے شعبہ کی جانب سے انجام دئے

جانے والے دیشائی پیٹ چناوڈے پلی کے تالاب عرسوگٹہ میں رنگا سمودرم تالاب کی بحالی کے کاموں کا افتتاح کیا۔اس موقع پر کونڈا سریکھا نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت اقتدار میں آنے کے بعد عوام کو پینے کے پانی اور آبپاشی کے پانی کو فراہم کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہے تا کہ عوام کو کوئی مشکل نہ ہوسکے۔کونڈا سریکھا نے کہا کہ حکومت ترقیاتی کاموں کیلئے خصوصی توجہ دے رہی ہے۔کانگریس اقتدار پر آنے کے ساتھ ہی تالابوں کی بحالی اورنئی زندگی عطاء کرنے کے لئے کاموں کا آغاز کرچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کے بعد ورنگل شہر کو ریاست کے دوسرے صدر مقام کے طور پر ترقی دینے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس پروگرام میں میئر جی سدھارانی، ہنمکنڈہ اور ورنگل کے ضلع کلکٹرس اور دیگر نے شرکت کی۔

Kumariya ADD

ریاست کے سابق وزیر و بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ نے محبوب نگر ضلع ہیڈکوارٹر میں منعقد کئے گئے دوڈی کمریا کی یوم پیدائش تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر ہریش راؤ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ دوڈی کمریا کی یوم پیدائش اور یوم وفات کو سرکاری طور پر منانے کا اعزاز بی آر ایس کو حاصل ہے۔اس موقع پر انہوں نے دوڈی کمریا کے خدمات کو بھی یاد کیا۔

Sound Byte. Haris Rao

Vivek Venkataswamy

ریاستی وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے الزام لگایا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں کالیشورم پروجیکٹ اور مشن بھاگیرتا کی اسکیم میں بڑے پیمانہ پر بدعنوانیاں ہوئی ہیں۔منچریال ضلع کے کیاتن پلی میں ضلع کانگریس کمیٹی نئی عاملہ کے حلف برداری تقریب میں انہوں نے شرکت کی۔

اس تقریب میں ضلع انچارج منسٹر جو پلی کرشنا راؤ، پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ اور دیگر نے شرکت کی۔ ویویک وینکٹ سوامی نے کہا کہ سابقہ حکومت نے کروڑوں روپے خرچ کرتے ہوئے ریاست کو قرض کے بوجھ میں ڈھکیل دیا ہے۔

Sound Byte - Vivek Venkataswamy

جبکہ ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت معاشی مسائل کے باوجود بھی عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کررہی ہے۔ مستقبل میں منچریال ضلع میں مزید ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا جائے گا۔ جبکہ پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ سابقہ بی آر ایس کے دور حکومت میں کئے گئے قرضوں کیلئے ہر ماہ 6 ہزار کروڑ روپے سود ادا کیا جارہا ہے۔ انہوں نے اپنے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ آنے والے اسمبلی انتخابات میں کانگریس 100 سیٹوں پر کامیابی حاصل کرے گی۔

Sound Byte - Mahesh Kumar Goud

Kavitha

تلنگانہ جاگروتی کی صدر کلوا کنٹلہ کویتا نے الزام لگایا کہ ریاست میں خانگی اسکول فیسوں کے نام پر عوام سے رقومات لوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسکول انتظامیہ کی جانب سے 30 تا 40 فیصد فیسوں میں اضافہ کرنے کی وجہ سے اوسط درجہ کے خاندان اور والدین پر معاشی بوجھ عائد ہو رہا ہے۔ انہوں نے فوری طور پر فیسوں کو کنٹرول کرنے کے لئے ایک قانون لانے کا حکومت سے مطالبہ کیا جبکہ انہوں نے ٹی آر ایس کے نام پر بھی دلچسپ تبصرے کئے۔ کویتا نے مزید کہا کہ وہ نئے ایجنڈہ کے ساتھ عوام کے درمیان آئیں گی۔ ٹی آر ایس کے نام کو اب کوئی بھی استعمال کرسکتا ہے۔ ان کی پارٹی پروفیسر جئے شنکر کے نظریات پر عمل کرے گی۔

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آنے والے 24 گھنٹوں میں تلنگانہ ریاست میں ہلکی تا اوسط بارش ہوگی۔ عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، نرمل، نظام آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اضلاع کے مختلف مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

PIB Fact Check

22 ہزار روپیوں کی سرمایہ کاری کے ساتھ ہفتہ میں پانچ لاکھ روپے سے زائد منافع آنے کیلئے مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن ایک سرمایہ کاری اسکیم کو پرموڈ کرنے کے سلسلہ میں آنے والے ویڈیو کی حکومت نے مذمت کی ہے۔ حکومت نے کہا کہ اس میں کوئی سچائی نہیں ہے۔ اس ویڈیو کو اے آئی کے ذریعہ تخلیق کیا گیا ہے۔ یہ بات پریس انفارمیشن بیورو فیکٹ چیک یونٹ نے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر فینانس نے اس طرح کی کوئی اسکیم کی سفارش نہیں کی ہے۔ انہوں نے اس سلسلہ میں نامعلوم لنکوں کو کلک نہ کرنے پر زور دیا۔ ایسی اطلاعات کو ہمیشہ سرکاری ویب سائٹ کے ذریعہ ہی جانچ کر لینے کا عوام کو مشورہ دیا۔

Jagtial Game

جگتیال کے رکن اسمبلی ڈاکٹر سنجے کمار نے کہا کہ تلنگانہ حکومت تعلیم کے ساتھ کھیلوں کے فروغ کے اقدامات بھی کررہی ہے۔ انہوں نے ضلعی سطح کے کک باکسنگ چمپئن شپ مقابلوں کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھیلیں انسان کو ذہنی طور پر تندرست رکھنے کے علاوہ تعلیم میں بھی دلچسپی پیدا کرتے ہیں۔

○○